houstontx.gov/mayor/chief-resilience-officer.html

مزاحم ہیوسٹن

مزاحم ہیوسٹن

باب 1
تیار اور کامیاب ہوتے ہیوسٹن کے باسی

ہدف 1	ہم ایک غیر یقینی مستقبل کی خاطر ہیوسٹن کے باسیوں کو تیار رہنے میں معاونت فراہم گے۔
ہدف 2	ہم دولت کمانے اور روزگار کے مواقع تک رسائی کو وسعت دیں گے۔
ہدف 3	ہم تمام ہیوسٹن کے باسیوں کے تحفظ اور فلاح و بہبود کو بہتر بنائیں گے۔

باب 2
محفوظ اور مساوی گرد و نواح کے علاقے

ہدف 4	ہم یہ یقینی بنائیں گے کہ تمام گرد و نواح کے علاقوں کے پاس مساویانہ وسائلی منصوبہ جات موجود ہوں۔
ہدف 5	کمیونٹی کے مزاحمتی عمل کو تقویت بخشنے کی خاطر ہم فنون و ثقافت میں سرمایہ کاری کریں گے۔
ہدف 6	ہم یہ یقینی بنائیں گے کہ تمام گرد و نواح کے علاقے صحت مند، محفوظ، اور ماحولیاتی طور پر تیار ہوں۔
ہدف 7	ہیوسٹن کی آبادی بڑھنے پر دانشمندانہ ارتقاء کو فروغ دینے کی خاطر، ہم خود کو، متجاوز پھیلاؤ نہیں، ترقی دیں گے۔

باب 3
کنارے کے صحت مند اور مربوط دلدلی جوہڑ

ہدف 8	ہم پانی کے اطراف میں محفوظ طور پر رہیں گے۔
ہدف 9	ہم ہیوسٹن کے پیش منظر میں دلدلی جوہڑوں کے کردار کو تسلیم کرتے ہیں۔

باب 4
قابل رسائی اور مطابقت پذیر شہر

ہدف 10	ہم عملاً ماحولیاتی تبدیلی پر راہنمائی کا مظاہرہ کریں گے۔
ہدف 11	ہم مستقبل کے خطرات سے نبٹنے کے لئے ہیوسٹن کے بنیادی ڈھانچےمیں جدت لائیں گے۔
ہدف 12	ہم سب کے لئے مساوات اور شمولیت کو بہتر بنائیں گے۔
ہدف 13	ہم مزاحمت کو عملی شکل دینے اور اعتبار قائم کرنے کی خاطر شہری حکومت کی ہیئت بدلیں گے۔

باب 5
اختراعی اور مربوط خطہ

ہدف	ہم خطے کی متنوع معیشت میں سرمایہ کاری کرتے رہیں گے۔
ہدف	ہم خطے کے نقل و حمل کے وسائل میں اضافہ کریں گے۔
ہدف	سبزہ زاروں سے خلیجوں تک ہم اپنے بری اور آبی وسائل کا انتظام و انصرام کریں گے۔
ہدف	ہم خطہ جاتی ہنگامی تیاری اور رد عمل کو بہتر بنائیں گے۔
ہدف	ہم موجودہ اور نئی سرمایہ کاریوں اور شراکت داریوں کو سہولت پہنچائیں گے

RESILIENT HOUSTON

مجموعی خلاص ہ

ہیوسٹن کے باسی ستاروں پر کمند ڈالتے، سخت محنت کرتے، ایجادات کرتے، اپنے ہمسایوں کا خیال رکھتے، اور آفات کی زد میں آنے پر ابتدا ہی سے مزاحمت کرتے ہیں۔ تاہم وہ خطرات جن سے ہیوسٹن کے باسی نبرد آزما ہوتے ہیں حجم، کثرت، اور پیچیدگی کے اعتبار سے بڑھتے جا رہے ہیں جو آبادی کی توضیحی — بڑھوتری، غیر یقینی اور متغیر آب و ہوا، توانائی کے شعبے پر معاشی انحصار، اور صحت، دولت، اور ہمسائیگی کے اعتبار سے سہولیات تک رسائی کے غیر منصفانہ نتائج سے دو چند ہو گئے ہیں۔ 2017 میں ہاروے طوفان کا خطے پر تباہ کن اثر ہماری کمزوری کی ایک واضح یاد دہانی اور ہیئتی تبدیلی کی پکار بنا۔ ہیوسٹن کا مستقبل امارت اور غربت پر مبنی "دو شہروں کی داستان" نہیں بن پائے گا۔ بلکہ، ہم یہ یقینی — بنانے کے لئے کام کریں گے کہ خطرات کا سامنا کرتے ہوئے تمام ہیوسٹن کے باسی با آسانی آگے بڑھ پائیں۔

ہر ہیوسٹن کے باسی کے لئے مجموعی طرز عمل کا ایک عملی ڈھانچہ) Resilient Houston (مزاحم ہیوسٹن فراہم کرتا ہے ؛ ہمارے متنوع گرد و نواح کے علاقے اور فاصل آب؛ شہری شعبہ جات؛ اور مقامی، علاقائی، اور عالمی شراکت دار۔ یہ حکمت عملی موجودہ کاوشوں کو نئی کاوشوں سے منسلک کرتی ہے جو کہ طوفانوں سے لے کر — گرمی کی شدید لہروں اور مستقل دباؤ جیسا کہ پرانا ہوتا بنیادی ڈھانچہ، ہوا کا ابتر معیار، اور طوفان تک — ہیوسٹن کو مستقبل کی آفات سے بچانے کی خاطر مشترکہ طور پر سرگرم عمل ہوں گی۔ مزاحم ہیوسٹن سینکڑوں متنوع اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ شراکت داری میں تخلیق پایا جنہوں نے گزشتہ سالوں میں مقاصد اور اہداف متعین کیے۔ یہ انہیں حاصل کرنے کی خاطر مفصل اقدامات اور عملی ڈھانچہ فراہم کرتا ہے۔ چونکہ مزاحم ہیوسٹن ہیوسٹن شہر کا منصوبہ ہے، لہٰذا اس کا امکان اس امر سے بہت آگے جاتا ہے کہ شہری حکومت تن تنہا کیا کچھ حاصل کر سکتی ہے۔ مزاحمتی رویے کے قیام میں ادا کرنے کی خاطر ہر ہیوسٹن کے باسی کا ایک کردار ہے۔ انفرادی، گرد و نواح، دلدلی جوہڑ، شہری، اور خطہ جاتی پیمانوں پر صرف موجودہ اور مستقبل کی شراکت داریوں کو سہولت پہنچا کر ہی ہم کامیاب ہو پائیں گے۔ شہر کی مثالی طور پر راہنمائی کی جائے کی دوسری دفتری مدت کے دوران اور اس کے بعد اہداف) Sylvester Turner (گی اور میئر سلویسٹر ٹرنر اور مقاصد میں پیش رفت کے ضمن میں خود کو اور اپنے شراکت داروں کو جواب دہی کا اہل ٹھہرایا جائے گا ۔ ہیوسٹن 100 مزاحم شہروں کا رکن بنا جس کی بنیاد اگست — 2018 میں، ہاروے طوفان کی پہلی سالانہ تقریب کی) Shell (کی جانب سے رکھی گئی۔ یہ رکنیت شیل) Rockefeller Foundation (پر،روک فیلر فاؤنڈیشن جانب سے $ 1.8 ملین کے تعاون کے سبب ممکن ہوئی۔ فروری 2019 میں، ہیوسٹن کی مزاحمتی حکمت عملی کو تعینات) Marissa Aho (کی تشکیل اور عملدرآمد میں راہنمائی کے لئے، چیف مزاحمتی افسر، میریسا آہو کیا گیا۔ جب 100 مزاحمتی شہروں کا پروگرام جولائی 2019 میں باقاعدہ ختم ہو گیا، تو — 100 مزاحم شہروں کے نیٹ ورک کو جوائن کرنے والے حتمی شہ ر ہیوسٹن نے، شہروں کا نیا عالمی مزاحمتی نیٹ ورک تخلیق کرنے کی — جانب لے جانے کی خاطر مدد کی تاکہ شہروں، میئرز، اور چیف مزاحمتی افسران کے مابین عالمی تعاون کو جاری رکھا جائے۔

پڑھنا کیسا ہے *مزاحم ہیوسٹن*

مزاحم ہیوسٹن ہیوسٹن کے مستقبل کی خاطر پانچ کلیدی نظریات تشکیل دیتا اور انہیں پانچ پیمانوں پر حاصل کرنے کی خاطر اقدامات ترتیب دیتا ہے۔ مزاحمت کی جامع نوعیت تمام عناصر کے تعاون اور "ڈی سلوئنگ"کی متقاضی ہے جو کہ ہر پیمانے کی مزاحمت میں کار فرما ہوتے ہیں۔

مزاحم ہیوسٹن کے پانچ مرکزی نظریات ہیوسٹن کو اس طرح پیش کرتے ہیں:

+ رہنے کے صحت افزا مقام کے طور پر
+ منصفانہ، شمولیت سے بھرپور، اور قابل گنجائش شہر کے طور پر
+ آب و ہوا سے موافقت کے راہنما کے طور پر
+ ایک ایسے شہر کے طور پر جو ترقی کرتا ہے، حد سے تجاوز نہیں
+ اور ایک متغیر معیشت کے طور پر جو آگے کی سمت تشکیل پاتی ہے۔

مزاحم ہیوسٹن کے پانچ ابواب، 18 مقاصد، اور ابداف، اور 62 اقدامات میں ان مرکزی خیالات کی عکاسی کی گئی ہے۔ ہر اقدام متعدد غیر متوقع تباہ کن واقعات اور/یا مستقل در پردہ دباؤ کے حل کا کام دیتا ہے جو کہ تباہ کن واقعات کے دوران عموماً شدت اختیار کر جاتے ہیں۔ ہر اقدام شراکت داروں، ٹائم فریم، عملدرآمدی تھیمز، اور بڑے مقاصد کو کامیابی کے ساتھ حاصل کرنے کے لئے درکار مراحل کی نشان دہی کرتا ہے۔

ہیوسٹن کے باسیوں نے گزشتہ پانچ سالوں میں آنے والی چھ وفاقی طور پر تسلیم شدہ سیلابی آفات، خصوصاً ہاروے طوفان سے ہونے والی تباہی اور نقصان کا سامنا کیا ہے۔ ہم نے تجربات سے وہ سب کچھ سمجھ لیا ہے جو ماہرین نے مقداری اعداد و شمار کی صورت میں بیان کیا: کسی آفت سے پہلے کی گئی $1 سرمایہ کاری بعد میں $5 سے زیادہ—اور بعض اوقات اس سے بھی زیادہ کی بچت دیتی ہے۔ تاہم کسی آفت کے بعد، زیادہ تر وفاقی فنڈنگ مہینوں، یا بلکہ سالوں تک بھی دستیاب نہیں ہو پاتی۔ فی الوقت، مزاحمت میں سرمایہ کاری کرنا، ہیوسٹن کے ہر باسی پر فرض ہے۔ آج کے خطرات سے نبٹنے، ان شدید صدمات اور مستقبل دباؤ کے اثرات کی تیاری اور تخفیف کے لئے ہمیں لازماً اپنے ناظمی-عصبی جذبے اور 'کر سکتے ہیں' کے رویے کو بروئے کار لانا ہو گا جو ہمارے خاندانوں، ہمارے ہمسایوں، ہمارے فاصل آب، ہمارے شہر، اور ہمارے خطے کو متاثر کرتے ہیں۔

ہیوسٹن کو اسپیس سٹی، دلدلی شہر، اور اگر آپ کھیلوں پر نظر رکھتے ہیں، تو کلچ سٹی کی عرفیت دی جاتی ہے۔ ہیوسٹن دنیا کا توانائی کا صدر مقام، ریاستہائے متحدہ امریکہ کا سب سے زیادہ متنوع شہر، آتشی پٹی کا صدر مقام، جنوب کا ثقافتی اور مطبخی صدر مقام، اور یہاں تک کہ سدرن کول کا نیا صدر مقام بھی ہے۔ ہم اپنی مزاحمت کے قیام میں کردار ادا کرنے کی خاطر ہیوسٹن کے ہر باسی کو دعوت دے رہے ہیں۔ مل کر، مزاحم ہیوسٹن کو اپنے عملی ڈھانچے کے طور پر استعمال کرتے ہوئے، ہم یہ یقینی بنا سکتے ہیں کہ ہیوسٹن مزاحمت کا صدر مقام بھی ہے۔

اختراعی اور مربوط خطہ

آج اور کل کے مزاحمتی خطرات آئینی حدود کے تابع نہیں ہیں اور ہیوسٹن شہر کی حدود سے باہر کے لوگوں، جگہوں، اور نظاموں کو متاثر کرتے ہیں۔ خطہ جاتی حکمت عملی اپنا کر، ہم ان اضافی شراکت داروں کو شامل کرتے ہوئے مزاحمت منصوبہ بندی کے فوائد کو مزید کمیونیٹیز تک بڑھا سکتے ہیں جو ان مقاصد کو پورا کرنے کی خاطر ہماری استعداد کو بڑھاتے ہیں۔ روزانہ شہر میں 650,000 سے زائد افراد داخل ہوتے ہیں۔ ہماری معیشت؛ ہمارا نظام نقل و حمل؛ ہمارا ماحول؛ اور خلل پذیر یا تباہ کن واقعات میں ہماری رد عمل دینے، بحالی کرنے، اور ان سے بخیر و عافیت گزر جانے کی صلاحیت خطے کی سطح پر تعاون اور مل جل کر کام کرنے کی ہماری صلاحیت پر منحصر ہیں۔ عظیم تر ہیوسٹن کے پاس طویل عرصے کے بعد ایک موقع موجود ہے کہ وہ مزاحمت کے ان خطرات کو جانے اور حل کرے جو نسلوں سے بڑھتے چلے جا رہے ہیں عظیم موقع اپنے ساتھ مزید بڑی ذمہ داری لے کر آتا ہے۔

عملدرآمدگی کو بڑھانے کے لئے مزاحم ہیوسٹن نے چھ عام تھیمز کی نشان دہی کی ہے:

مشغولیت زیادہ مزاحم بننے کی خاطر ہمارے اٹھائے گئے اقدامات میں سے کئی اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ درست ترین اور بروقت معلومات تک زیادہ لوگوں کی رسائی ہے اور شرکت اور تعاون کے ذریعے ہم اعتبار اور شفافیت قائم کریں گے۔

مالیات: ہمیں فنڈنگ اور مالیات کے نئے ذرائع تخلیق کرنا ہوں گے جو ہمارے موجودہ فنڈنگ کی کاروائیوں کو مزاحمت کے قیام کے بنیادی اور ذیلی فوائد حاصل کرنے کی خاطر بہتر بنائیں۔

پیمانشی معیارات: مزاحمت کی پیمائش صبر آزما ہو سکتی ہے، جیسا کہ دیگر انسدادی یا پیشگی فعالیت کی کوششوں پر مبنی صورتوں میں؛ تاہم، بہت سی صورتوں میں، اضافی تحقیق اور قدر پیمائی قابل پیمائش اثرات ظاہر کر سکتی ہے۔

شراکت داری: تعاون بہتر بنانا اور سیکٹرل یا آئینی حدود کے اطراف کام کرنا مزاحمت کے قیام میں کلیدی مقام رکھتا ہے۔

پالیسی: مقامی، ریاستی، یا وفاقی پالیسیوں کی تجدید کاریاں اضافی مزاحمت کے قیام میں اور اضافی مواقع تخلیق کرنے میں سہولت پہنچانے کی خاطر مدد دیں گی۔

جدید شہر: جدید شہری اقدامات کو بہتر بنانے کے لیے صنعتیاتی جدتوں اور اختراع کی باگ ڈور سنبھالی جائے گی اور انہیں فوقیت دی جائے گی تاکہ ہم اپنے ناگزیر عارضی اور مستقل مزاحمتی خطرات کو حل کر پائیں۔

***مزاحم ہیوسٹن* سے متعلق اپ ڈیٹس، واقعات، اور مواقع کی خاطر ہماری ویب سائٹ:** *houstontx.gov/mayor/chief-resilience-officer.html* **ملاحظہ کریں۔**

***مزاحم ہیوسٹن* کے اقدامات درج ذیل ابواب میں ترتیب دیے گئے ہیں، جن میں سے ہر ایک اثر اندازی کے مختلف پیمانے کی نمائندگی کرتا ہے۔**

تیار اور کامیاب ہوتے ہیوسٹن کے باسی

ایک بڑھتے ہوئے غیر یقینی مستقبل کی خاطر خود کو تیار کرتے اور ڈھالتے ہوئے اور روزگار اور دولت کمانے کے مواقع تک بہتر کردہ رسائی کے ذریعے افراد ہیوسٹن کو مزید مزاحم بنائیں گے۔ موجودہ طور پر اپنی کمیونیٹیز کے قائدین اور کارکنان بنتے ہوئے مستقبل کی ملازمتوں کے لئے تیاری کرنے میں ادا کرنے کے لئے ہیوسٹن کے نوجوان باسیوں کا اہم کردار ہے۔
مزاحم ہیوسٹن تمام ہیوسٹن کے باسیوں کے لئے خیر مقدمی اور محفوظ جگہ ہے، ان کی عمر، آمدن، پس منظر، قومیت، صنف، یا جسمانی یا ذہنی معذوریوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

محفوظ اور مساوی گرد و نواح کے علاقے

ہیوسٹن کے 88 ہمسایوں میں سے ہر ایک کی سیلاب کاری، ہوا کے معیار، سرکاؤ، حرکت پذیری، اور دیگر سمیت، مزاحمت کی مختلف ترجیحات ہیں۔
مزاحمت کے قیام کی خاطر "سب کے لیے یکساں" کی حکمت عملی پر مبنی حل کار گر نہیں ہوتے۔ اس کے بجائے، ہمیں لازماً کمیونٹی کے باہمی اتفاق کو تقویت بخشنی چاہیئے اور گرد و نواح کے پیمانے پر جگہ پر مبنی حلوں کی تشکیل اور ان پر عملدرآمد کرنا چاہیئے۔ ہم تاریخی طور پر کم وسائل کے حامل علاقوں میں سرمایہ کاری کریں گے۔ ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ گرد و نواح کے تمام علاقے صحت مند، محفوظ اور ماحولیاتی طور پر تیار ہوں اور ہیوسٹن کے مزید باسیوں کے لئے رہائش اور حرکت پذیری کے اختیارات فراہم کریں۔ ہم خطرات سے آگاہی کو بڑھاتے ہوئے معاشی ترقی کے مواقع پیدا کرنے کے لئے ،مقامی فنون و ثقافت کو فروغ دیں گے۔

کنارے کے صحت مند اور مربوط دلدلی جوہڑ

ہیوسٹن کے 22 فاصل آب اور ان کی اطراف کے دلدلی جوہڑ ہیوسٹن کی بطور دلدلی شہر شناخت کے ضمن میں مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ وہ تخلیقی سہولیات اور سبز جگہوں کے طور پر تفریح کا ایک شاندار ذریعہ ہیں، لیکن اس کے ساتھ سیلابی پانی کے ان کے کناروں سے باہر امڈ آنے اور ان ہیوسٹن کے باسیوں کو مستقل طور پر سیلابی صورتحال سے دوچار کرنے کے ضمن میں شدید خطرے کا بھی ذریعہ ہیں کہ جو سیلابی گزرگاہ یا سیلابی میدان میں رہائش پذیر ہوتے ہیں۔ آبی ذرائع کے اطراف محفوظ طور پر رہنا اور ہیوسٹن کے پیش منظر کے طور پر دلدلی جوہڑوں کے کردار کو تسلیم کرنا ظاہری، ماحولیاتی، اور معاشی مزاحمتی عمل کو بہتر بنانے کی خاطر ناگزیر ہے۔

قابل رسائی اور مطابقت پذیر شہر

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں چوتھے بڑے شہر کے طور پر نئی صدی کے آغاز پر، ہیوسٹن ہمارے بنیادی ڈھانچےکو معلوم اور نامعلوم خطرات کے لئے تیار رکھنے کی خاطر جدت فراہم کرتے ہوئے اپنی آب و ہوا کی راہنمائی کو بڑھائے گا۔ ہم شہری پالیسیوں اور سرگرمیوں کے اندر مزید مساوات، شمولیت، اور مزاحمت ڈالنے کی خاطر مثالی طور پرراہنمائی دیں گے۔

ہیوسٹن کے مزاحمت کے اہداف

مزاحم ہیوسٹن سنگین خطرات اور مواقع پر توجہ مرکوز کرتا ہے جو ہیوسٹن کی آج کی موجودہ اور مستقبل کی نسلوں کی زندگیاں تشکیل دیں گے۔ ذیل میں دیے گئے 18 اہداف حکمت عملی میں نمایاں کردہ 18 مقاصد کے مطابق ہیں۔ یہ اعل سطحی اہداف مزاحم ہیوسٹن کے اثر کی پیمائش کرنے کی خاطر استعمال ہوں گے۔ کثیر اقدامات کی، بارہا کثیر پیمانوں پر، عملدرآمدگی کے ذریعے ہر ہدف حاصل کیا جائے گا۔

1. 2025 تک کم از کم 500,000 ہیوسٹن کے باسیوں کو تیار رہنے کی تربیت دیں۔
2. 2020 میں 20,000 بائیر ہیوسٹن یوتھ موسم گرما کی ملازمتیں فراہم کریں۔
3. 2030 تک ہیوسٹن کی سڑکوں پر ٹریفک سے متعلقہ اموات اور تشویشناک زخمیوں کی تعداد کو صفر کرنا یقینی بنائیں۔
4. 2030 تک 50 گرد و نواح کے منصوبہ جات وضع کریں۔
5. 2025 تک شہر بھر میں مزاحمت کی آگاہی کے پراجیکٹس تخلیق کرنے کے لئے مقامی فنکاروں پر $ 5 ملین کی سرمایہ کاری کریں۔
6. 2030 تک 4.6 نئے مقامی درخت اگائیں۔
7. 2050 تک آمدنی کی ہر سطح کے لئے 375,000 نئے گھر تعمیر کریں تاکہ ہیوسٹن شہر میں نئے رہائشیوں کو خوش آمدید کہا جا سکے۔
8. 2030 تک سیلابی گزرگاہوں سے تمام رہائشی تعمیرات کو ختم کریں۔
9. 2025 تک ٹریلز اور بائیکس کی کم از کم 500 میل لمبی لینز تشکیل دیں۔
10. پیرس معاہدے کے مطابق 2050 تک کاربن کا درست تناسب حاصل کریں ۔
11. 2025 تک 100 نئے سبز سیلابی پانی کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبہ جات کو مکمل کریں۔
12. 2050 تک حیاتی توقع میں سے جغرافیائی عدم مساوات کو نکالیں۔
13. 2020 میں ہیوسٹن ڈپارٹمنٹ کے ہر شہر کے اندر ڈپارٹمنٹ کے مزاحمتی افسران کو تعینات کریں۔
14. 2025 2.0 50 تک عظیم تر ہیوسٹن میں انرجی کمپنیاں راغب یا سرگرم عمل کریں۔
15. 2050 تک ہر آدھے میل کی مسافت پر عوامی نقل و حمل کے اعلیٰ کثرتی ذرائع تک 100 % ہیوسٹن کے باسیوں کو رسائی فراہم کریں۔
16. 2040 تک غیر ترقی یافتہ خطہ جات اراضی کے 24% حصے کو قدرتی جگہ کے طور پر محفوظ کریں۔
17. 2030 تک 100 % ہیوسٹن کے باسیوں اور سیاحوں کو درست، بروقت ایمرجنسی اطلاعی نظام تک رسائی حاصل ہو۔
18. 2040 تک 50 $ بلین کی سرمایہ کاری کریں کہ جو مزاحمت کو بڑھاتے ہوں۔

عملدرآمدگی کا سانچہ

جدید شہر	پالیسی	شراکت داریاں	پیمانشی معیارات	مالیات	مشغولیات	وضاحت	اقدام	ہدف
✓	✓	✓				یقینی بنائیں کہ کسی ہنگامی صورتحال سے نبٹنے کی خاطر تیار رہنے کے لئے ہیوسٹن کے باسیوں کے پاس معلومات، مہارتیں، اور گنجائش موجود ہو۔	1	
✓		✓				ماحولیاتی تغیر کے تناظر میں ہیوسٹن کے باسیوں کو موافقت پذیر بنانے کے لئے انہیں تیار کریں۔	2	
✓		✓	✓			سی خلل کو بہتر طور پر برداشت کرنے کی خاطر چھوٹے کاروباری اداروں کی معاونت کریں۔	3	
		✓	✓			کمیونٹی کی راہنمائی، اسٹیورڈشپ، اور شمولیت کی حوصلہ افزائی کریں۔	4	
✓	✓	✓		✓		تمام ہیوسٹن کے باسیوں کے لئے معاشی موقع اور کامیابی تک رسائی کو بلند ترین سطح پر لے جائیں۔	5	
✓		✓		✓		چھوٹے کاروبار شروع کرنے، برقرار رکھنے، اور بڑھانے کی خاطر ہیوسٹن کے زیادہ باسیوں کو مواقع مہیا کریں۔	6	
✓		✓				ہیوسٹن کی کارآمد قوت اور ہیوسٹن کے تمام نوجوان باسیوں کو مستقبل کی ملازمتوں کی خاطر تیار کریں۔	7	
✓	✓	✓	✓	✓		ہیوسٹن کے تمام باسیوں کے لئے ہماری سڑکوں کو محفوظ بنائیں۔ 100%	8	
	✓	✓	✓	✓		ہیوسٹن کے کسی بھی ضرورت مند باسی کو پناہ اور گھر مہیا کریں۔	9	
		✓	✓	✓	✓	ہیوسٹن کے باسیوں کی ذہنی صحت کی پیشگی طور پر نگہداشت کریں۔	10	
		✓			✓	ایک ایسا شہر تخلیق کریں جس میں مختلف عمروں اور رسائی کی مختلف ضرورتوں کے حامل ہیوسٹن کے باسی آگے بڑھ سکیں۔	11	
		✓	✓		✓	کمیونٹی کی منصوبہ بندی اور پروگرامز کے ذریعے گرد و نواح کے مساوی علاقوں کی معاونت کریں۔	12	
✓		✓		✓		شمولیتی اقامت کاری اور گرد و نواح کے فروغ میں سرمایہ کاریوں کو بڑھائیں۔	13	
		✓		✓	✓	کمیونٹی کا اتصال قائم کرنے اور گرد و نواح کی شناخت کو منانے کی خاطر مقامی فنون و ثقافت میں سرمایہ کاری کریں۔	14	
✓		✓	✓		✓	ہیوسٹن کے باسیوں کو خطرے کی آگاہی میں تخلیقی طور پر مشغول کرنے کے لئے فن و ثقافت کو سہولت پہنچائیں۔	15	
✓		✓	✓		✓	گرمی سے مقابلہ کرنے کی خاطر ہیوسٹن کے گرد و نواح کے علاقوں کو سرسبز اور ٹھنڈک آمیز بنائیں۔	16	
		✓	✓	✓	✓	گرد و نواح کے علاقوں کے مزاحمتی مراکز کے طور پر کام آنے والے "للی پیڈز" تخلیق کریں۔	17	
✓	✓	✓		✓	✓	یقینی بنائیں کہ تمام گرد و نواح کے علاقوں کو معیاری پارکس اور فطرت تک رسائی حاصل ہے۔	18	
		✓		✓	✓	ہیوسٹن کے مقام کو مطبخی صدر مقام کے طور پر تقویت بخشنے کے لئے معیاری خوراک تک مساوی رسائی کو بہتر بنائیں۔	19	

جدید شہر	پالیسی	شراکت داریاں	پیمانشی معیارات	مالیات	مشغولیات	وضاحت	اقدام	ہدف
✓	✓	✓	✓		✓	ہماری کمیونیٹیز میں ماحولیاتی ناانصافی کے اثرات کا تدارک، تخفیف، اور ازالہ کریں۔	20	
	✓	✓	✓		✓	شہری وسعت کے حامل جامع اقامتی مطالعے کو گرد و نواح کی تخصیص کی حامل تجاویز کی مدد سے تخلیق دیں۔	21	
		✓			✓	ہیوسٹن کے تمام باسیوں کے لئے گھروں اور نقل و حمل کے ذرائع تک محفوظ، پُر تحفظ، اور قابل گنجائش رسائی کی ضرورت کو فروغ دیں۔	22	
✓	✓	✓		✓	✓	ٹرانزٹ اور ٹریل رجحان پر مشتمل ارتقائی عمل میں سرمایہ کاری کریں۔	23	
✓	✓	✓	✓	✓	✓	موزوں درمیانی ارتقاء کے ذریعے گرد و نواح کے علاقوں کو تحفظ اور تقویت دیں۔	24	
✓	✓	✓	✓	✓	✓	پانی کے لئے جگہ بنائیں۔	25	
✓		✓	✓		✓	ہیوسٹن کے دلدلی جوہڑوں اور آبی گزرگاہوں کو صاف کریں۔	26	
✓	✓	✓	✓		✓	آبی تنظیم کو بہتر بنانے کے لئے تحقیق اور ٹیکنالوجی میں جدت لائیں۔	27	
		✓	✓	✓		دلدلی جوہڑوں اور سیلابی میدانوں کو ہیوسٹن کی شہری فطرت کے اہم جزو کے طور پر تکریم دیں۔	28	
		✓		✓		تخلیقی، صحت کے، اور دیگر کمیونٹی فوائد کی خاطر ہمارے دلدلی جوہڑوں تک رسائی بڑھائیں۔	29	
		✓		✓	✓	دلدلی جوہڑوں کی اطرافی پٹیوں کے آس پاس شمولیتی بڑھوتری اور معاشی ارتقاء کی حوصلہ افزائی کریں۔	30	
✓		✓	✓		✓	ماحولیاتی عمل کے منصوبہ جاتی ہدف اور اقدامات کو اپنائیں اور ان پر عملدرآمد کریں۔	31	
		✓	✓		✓	شہری پالیسیوں اور پروگراموں سے آگاہ کرنے کے لئے ماحولیاتی اثر پذیری کا جائزہ سر انجام دیں۔	32	
✓	✓		✓	✓	✓	ماحولیاتی طور پر تیار رہنے کی خاطر ہمارے آبی ذرائع کلی طور پر سنبھالیں۔	33	
✓			✓	✓	✓	ہیوسٹن کے قائم شدہ ماحول کے اندر سبز سیلابی پانی کے بنیادی ڈھانچےکا انضمام کریں۔	34	
✓	✓	✓	✓	✓	✓	مزاحم سڑکیں تعمیر کرنے کی خاطر گلیوں کے مکمل عملدرآمد کو منصفانہ طور پر بہتر بنائیں۔	35	
✓	✓		✓		✓	تعمیراتی ضابطوں اور معیارات میں بہتری اور تجدید کاری کریں۔	36	
✓	✓	✓	✓	✓	✓	ہیوسٹن کے مربوط وسیلے کی ریکوری کے نظم و نسق کو بہتر اور جدید بنائیں۔	37	
✓	✓	✓	✓		✓	ان شراکت داریوں کو تخلیق کریں اور بہتر بنائیں جو بنیادی ڈھانچے کی بحالی کو تشکیل اور فائدہ دیتی ہوں۔	38	

عملدرآمدگی کا سانچہ

جدید شہر	پالیسی	شراکت داریاں	پیمانشی معیارات	مالیات	مشغولیت	وضاحت	اقدام	ہدف
						مزاحمت کے فوائد کو بلند ترین سطح پر پہنچانے کی خاطر طے شدہ اور مجوزہ علاقائی پینٹی منصوبہ جات کو سہولت پہنچائیں۔	59	
						مقامی، ریاستی، اور وفاقی شراکت داروں کے ساتھ مزاحمت کے قیام میں قانونی اور آئینی رکاوٹوں کو حل کریں۔	60	
						مزاحمت کے مقاصد کو شامل کرنے کی خاطر ہیوسٹن منصوبہ کی تجدید کاری کریں۔	61	
						مزاحمت کے قیام کی خاطر قومی اور عالمی سطح پر راہنمائی اور شراکت داری کریں۔	62	

جدید شہر	پالیسی	شراکت داریاں	پیمانشی معیارات	مالیات	مشغولیت	وضاحت	اقدام	ہدف
						شہری وسعت کی حامل پالیسیوں اور پروگراموں کے ذریعے مساوات کو فروغ دیں۔	39	
						کمیونٹی کی مساویانہ مشغولیت کے ذریعے ہیوسٹن کے تمام باسیوں تک پہنچیں۔	40	
						مزاحمت کو ہیوسٹن کے نظام اور خدمات کا ایک مستقل جزو بنائیں۔	41	
						شہری بجٹ سازی، حاصلات، اور کیپیٹل بہتریوں کے اندر مزاحمت کو ترجیح دیں۔	42	
						ہمارے پیچیدہ ترین مزاحمت کے خطرات سے نبٹنے کی خاطر جدید شہر کی سرمایہ کاریوں کو سہولت پہنچائیں۔	43	
						مزید واضح ڈیٹا کی پالیسیاں۔	44	
						عالمی توانائی کی منتقلی میں جدت کی رہنمائی کی خاطر ہیوسٹن کے توانائی کے ماخذ کے کردار کو سہولت پہنچائیں۔	45	
						قائم شدہ اور ابھرتی ہوئی صنعتوں کو سرگرم، مربوط کریں، اور معاونت دیں۔	46	
						مزید مزاحمتی ایجاد کاری کی خاطر ان مضبوط بنیادی اداروں کے ساتھ شراکت داری کریں جو خطے کو تقویت اور تحفظ دیتے ہوں۔	47	
						ایک مربوط حرکت پذیر نیٹ ورک میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے خطے کی سطح کے شراکت داروں کے ساتھ کام کریں۔	48	
						پہلے اور آخری سنگ میل کے روابط کو بہتر بنائیں۔	49	
						ہیوسٹن کے باسیوں کو حرکت پذیری کے انتخابات کرنے کے قابل بنائیں تاکہ زندگی کی فلاح و بہبود بہتر اور لاگت کم تر ہو سکے۔	50	
						سیلابی کٹاؤ، ماحولیاتی صحت، اور تخلیق نو کی خاطر غیر آباد خطۂ اراضی کو محفوظ کریں۔	51	
						ہیوسٹن کی اضافی حدود کے دائرہ اختیار میں آنے والے علاقوں کی مزاحمت کے قیام کی خاطر کاؤنٹی کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر طویل المدت حکمت عملیاں وضع کریں۔	52	
						خطے کی سطح پر تیاری کو بہتر بنائیں۔	53	
						سائبر حملوں کے خلاف پیچیدہ ڈیجیٹل اثاثوں کے تحفظ میں اضافہ کریں۔	54	
						ہنگامی رد عمل اور بعد از آفت بحالی کی ربط کاری کو بہتر بنائیں۔	55	
					.	ایک خطہ جاتی پیچیدہ بنیادی ڈھانچے کی فہرست تشکیل دیں۔	56	
						عظیم تر ہیوسٹن کے بقا کی راہیں اور سپلائی چینز کو مضبوط کریں۔	57	
						مزاحمت کے اقدامات پر عملدرآمد کو تیز تر کرنے کی خاطر آفت سے بحالی کی کوششوں کو سہولت پہنچائیں۔	58	